aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 12 PREPARATION

Karnataka 2nd PUC Model Question Paper 2027 for Urdu (Paper 4)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 12	2027	Sample Paper	Urdu

GOVERNMENT OF KARNATAKA
KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD
6TH CROSS, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003

2026 -27 II PUC MODEL QUESTION PAPER – 4

SUBJECT: URDU (08) **MAXIMUM MARKS:80**

TIME: 03 HOURS **NUMBER OF QUESTIONS:49**

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور دہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

حصہ - " الف "

I. (الف) درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ **5X1=5**

1. "بوڑھی کاکی" کے افسانہ نگار کون ہیں؟

A. سعادت حسن منٹو B. پریم چند

C. عصمت چغتائی D. راجندر سنگھ بیدی

2. منٹو نے ممبئی جا کر کس اخبار میں نوکری کر لی؟

A. سالار B. انقلاب

C. جنگ D. مصور

3. مصنف کا عورتوں کے زیور سے متعلق رویہ کیا ظاہر کرتا ہے؟

A. زیور کے زیادہ پہننے کو فخر سمجھتا ہے B. زیور کو غیر ضروری اور خطرناک سمجھتا ہے

C. زیور کو عورت کی حفاظت کے لیے اہم سمجھتا ہے D. زیور کو ترقی کی علامت سمجھتا ہے

4. ادب کی فنی حیثیت کو سمجھنے کا فائدہ۔

A. صرف نظم کی وضاحت ہوتی ہے B. نثر اور نظم کی تفہیم میں مدد ملتی ہے

C. زبان کے اصول سیکھے جاسکتے ہیں D. ادبی شخصیات کی زندگی معلوم ہو سکتی ہے

5. ڈرامے میں کرداروں کی گفتگو کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

A. تفریحی مکالمات B. کہانی کو آگے بڑھانا اور کردار کی شخصیت کو ظاہر کرنا

C. پلاٹ میں پیچیدگی پیدا کرنا D. وقت ضائع کرنا

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 1 of 5

(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ **5X1=5**

(رادھا، مور، میاں، چور، ٹانگ، ہنس،)

6. کوا چلا _____ کی چال۔
7. _____ کی داڑھی میں تنکا۔
8. مرغ کی ایک _____
9. اپنے منہ _____ مٹھو۔
10. نہ نو من تیل ہو گا نہ _____ ناچے گی۔

(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔ **5X1=5**

	الف		ب
11.	اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ	i.	صرف بہادر لوگ ہی شکست کا سامنا کرتے ہیں۔
12.	ہمتِ مرداں مددِ خدا	ii.	دنیا کی حقیقت عارضی اور کھیل جیسی ہے
13.	گرتے ہیں شہسوار ہی میدانِ جنگ میں	iii.	کام میں کوشش شرط ہے، اللہ ضرور مدد کرتا ہے
14.	زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے	iv.	تحریر کے ہنر میں ترقی کی دعا
15.	بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے	v.	زمین نے عظیم شخصیتوں کو نگل لیا ہے

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ **5X1=5**

16. کرک پیٹرک کے نزدیک ٹیپو کیا تھے؟
17. خاکہ نگار کی منٹو سے پہلی ملاقات کے وقت منٹو کی کونسی کتاب چھپ کر آئی تھی؟
18. علم و ادب سے شمس الرحمن فاروقی صاحب کا تعلق کس نوعیت کا ہے؟
19. کس کے صدقے کوئی حاکم تو کوئی محکوم بنتا ہے؟
20. غالب نے کتنے بیت کا قصیدہ لکھا تھا؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 2 of 5

حصہ - "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. بوڑھی کا کی کب رونے لگتی تھی؟

22. چودھری محمد حسین کون تھے اور انھیں کیا زعم تھا؟

23. فیس بک کیا ہے اور اسے کس نے اور کیوں بنایا تھا؟

24. ادب کس طرح کی تحریر کو کہتے ہیں؟

25. بلی کے راستہ کاٹنے سے میر صاحب کے والد کے دوست کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا تھا؟

26. غالب نے کس مصیبت کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی تاب لانے کے لیے جگر چاہیے؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

27. شاعر اللہ سے کن کے راستے پر چلانے کی دعا مانگ رہا ہے؟

28. خدا ہمیں کن چیزوں سے نوازے کہ روزِ محشر ہماری کلاہیں کج ہوں؟

29. عورت کے نغمے اور نور کہاں کہاں نظر آتے ہیں؟

30. شاعر نے کس کو دنیا کی امانت سے تعبیر کیا ہے؟

31. نظم "امن نامہ" میں ہمالہ، گنگا اور جمنا کے لیے کیا دعا دی گئی ہے؟

32. ابن زیاد نے ناقہ سوار سے کیا کہا؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. شاعر نے نظم میں 'کلمہ پڑھتے پڑھتے نیند آجاتی تھی' کا استعمال کیوں کیا ہے؟ اس کی اہمیت بیان کریں

34. "علم حاصل جو ہو کتابوں سے" کے مضمون میں بیان کردہ علم کی اہمیت کو اپنی روز مرہ زندگی میں کیسے لاگو کریں گے؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. مضمون نگار نے کن مثالوں کے ذریعہ ثابت کیا ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کو پوجا پاٹ کی مکمل آزادی دی تھی؟

36. دن کے آٹھ پہر یا چوبیس گھنٹے کس طرح دبے پاؤں نکل جاتے ہیں؟

37. فاروقی صاحب نے نوجوان نسل، بالخصوص اردو زبان و ادب سے وابستہ افراد کو کیا نصیحت کی ہے؟

38. شفیقہ فرحت کے مطابق، کرسی کے عشق میں نظام کس طرح درہم برہم ہوتا ہے؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی۔"

40. "دیکھو منٹو میں تمہیں اپنے بیٹے کے برابر سمجھتا ہوں۔"

41. "ورنہ چور مجھے بھی چرا کر لے جاتے۔"

42. "اے تولا ٔو امام ضامن باندھ دوں اور ذرا سادہی چکھ لو۔"

حصہ - "ج"

43. IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. وہ شورشیں نظامِ جہاں جن کے دم سے ہے — جب مختصر کیا انھیں انساں بنادیا

ii. گردشِ وقت کا کتنا بڑا احساں ہے کہ آج — یہ زمیں چاند سے بہتر نظر آتی ہے ہمیں

iii. رکے تو گردشیں اس کا طواف کرتی ہیں — چلے تو اس کو زمانے ٹھہر کے دیکھتے ہیں

iv. کتنا بھر پور ہے یہ طنز کہ آج — لوگ جینے کی دعا دیتے ہیں

v. ایک بوند بھی ملتی نہیں اب مہرو وفا کی — سوکھے ہوئے سب ہونٹ ہیں اور روح بھی پیاسی

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. کس آسانی سے وہ ٹوٹے ہوئے دل جوڑ دیتا ہے — خوشی سے بولنا جس شخص کا معمول ہو جائے
عدمؔ ہر مسلۂ دل کا سلجھ سکتا ہے خوبی سے — خرد انسان کی تھوڑی سی گر معقول ہو جائے

ii. اب میر کارواں سے وہ سوزِ دروں ملے — بھٹکے ہوؤں کو جادۂ امن و سکوں ملے
بیدار قافلہ ہے، مگر تازہ دم نہیں — ان منتشر صفوں کو کبھی تازہ خوں ملے

حصہ " د "

46. V ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. سبز باغ دکھانا ii. آپے سے باہر ہونا iii. دل مسوس کر رہ جانا

iv. عقل دنگ رہ جانا v. جان جوکھم میں ڈالنا vi. ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

47. **ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔** **1X2=2**

i. استعارہ ii. تشبیہ

48. اپنے علاقے میں پانی کی قلت اور گندے پانی کے مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمشنر کو خط لکھیں اور صاف پانی کی فراہمی کا انتظام کرنے کی درخواست کریں۔ **4**

49. **ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے۔** **4**

i. برندا ون باغ کی تعمیر سر مرزا اسماعیل نے کی تھی۔

ii. بیجاپور ایک تاریخی شہر ہے۔

iii. ہمیں اپنے اساتذہ کی عزت کرنی چاہیے۔

iv. 26 جنوری کو ہم یوم جمہوریہ مناتے ہیں۔

****

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com